© rasailojaraid.com


## کتاب کانام : قاموس اصطلاحات

مصنف : پروفیسر ڈاکٹر مولانا ساجد الرحمٰن صدیقی

ناشر : دارالاشاعت اردو بازار کراچی سنہ ۲۰۰۶ء

قیمت وصفحات : درج نہیں۔۴۴ اصفحات

ڈاکٹر مولانا ساجد الرحمٰن صدیقی مشہور دینی، علمی خاندان کے چشم و چراغ اور حضرت مولانا مفتی اشفاق الرحمٰن کاندھلوی کے نامور فرزند ارجمند ہیں۔ابتدائی تعلیم اپنے والد محترم اور مولانا محمد مالک کاندھلوی اور مولانا جمشید علی صاحب سے حاصل کی۔درس نظامی کی تکمیل دارالعلوم اسلامیہ (ٹنڈوالہ یار) سے تقریباً چالیس پہلے اور وقت کے جید علماء حضرت مولانا ظفر احمد عثمانیؒ، حضرت مولانا لطافت الرحمٰن، حضرت مولانا عبدالرشید نعمانیؒ اور حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ سے خصوصی علم وروحانی استفادہ کیا۔ سندھ یونیورسٹی سے ایم اے (عربی) امتیاز کے ساتھ پاس کر کے گولڈ میڈل حاصل کیا بعد ازاں پنجاب یونیورسٹی سے پی ۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری حاصل کی اور ایک طویل عرصہ بیرون ملک یونیورسٹیوں میں استاذ الحدیث کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔عملی زندگی علوم نبوت کی نشرواشاعت، قال اللہ وقال الرسول کی تدریس اور دین کی سربلندی وسرخروئی میں بسر ہورہی ہے۔

مصنف مدظلہم کی عربی، انگریزی، اور اردو تینوں زبانوں میں تصانیف ہیں اور متعدد اہم علمی مراجع کا اردو میں ترجمہ ہے جن میں حضرت شاہ ولی اللہؒ کی ''**عقد الجيد في احكام الاجتهاد و التقليد**'' کا ترجمہ سرفہرست ہے جس پر حضرت بنوریؒ کے کلمات ستائش مرقوم ہیں۔

**تصانیف**:۱۔کتابۃ الحدیث باقلام الصحابہؓ،۲۔نشاۃ علوم الحدیث وتطورھا،۳۔مناھج واسالیب دعوۃ الرسولﷺ،۴۔ اسلام کا نظام پولیس اور احتساب،۵۔ عرف وعادت اسلامی قانون کی نظر میں،۶۔،اسلامی فقہ کی اصول ومبادی،۷۔ فقہ اسلامی کا تاسیسی پس منظر،۸۔ کتابت حدیث صحابہ کرامؓ کے قلم سے۔ Studies in Islamic Juricprudence بیس سے زائد اہم عربی کتب کا اردو ترجمہ

ڈاکٹر صاحب کی یہ کتاب اصطلاحات حدیث پر مختصر وجامع کوشش ہے پوری کتاب ابجدی ترتیب پر مرتب کی گئی ہے اصطلاحات حدیث کی مختصر انداز میں وضاحت کی ہے اور مزید بحث کیلئے راہنمائی کردی ہے کتاب میں اگر حوالہ جات کا اضافہ ہوجاتا تو یقیناً اس کی افادیت دوبالا ہوجاتی ۔عربی زبان میں اس موضوع پر متعدد مختصر ومفصل کتابیں لکھی گئی ہیں اردو میں بھی کچھ کام ہوا ہے لیکن یہ مبتدی طلباء وریسرچ اسکالر کے لئے بہت عمدہ ہے

© rasailojaraid.com